2019年7月1日ジャング紙ラホール版1面

## نوشہرہ، خواجہ سرا قتل

## باپ گرفتار، تفتیش شروع

نوشہرہ (آئی این پی) 19 سالہ خواجہ سرا مایہ کو اس کے والد نے چند ساتھیوں کے ساتھ ملکر فائرنگ کرکے ابدی نیند سلا دیا گیا۔ نوشہرہ پولیس نے قتل میں ملوث خواجہ سرا کے والد کو گرفتار کرکے قتل کے محرکات جاننے کے لیے تفتیش شروع کردی ہے۔ نوشہرہ پولیس کے مطابق کینٹ کی حدود میں دریا کابل کے قریب لاش کی اطلاع ملی جسے نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے قتل کردیا تھا، پولیس نے لاش قبضہ میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لئے اسپتال پہنچادی۔ دوسری جانب خواجہ سراوں نے واقعے پر پشاور میں احتجاج کرنے کا اعلان کیا ہے، خواجہ سرا کے والد کو مایہ کے خواجہ سرا بننے پر اعتراض تھا۔ غیر سرکاری تنظیم کے مطابق قتل ہونے والے خواجہ سرا کا نام مایا ہے جس کا اصل نام آفتاب ہے، سال 2015 سے 2019 تک خیبر پختونخوا کے 8 اضلاع میں مجموعی طور پر 63 خواجہ سرا قتل ہوئے۔